ٹینڈر نوٹس برائے خریداری انرولمنٹ کمپین آئٹمز سال 2025-26

دفتر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (مردانہ) ضلع چارسدہ کو سرکاری سکولوں کیلئے انرولمنٹ کمپین آئٹمز (بینرز، پوسٹرز اور ٹیچر ہینڈ بکس) برائے سال 2025-26 کے لیے منظور شدہ بجٹ سے خریداری کیلئے اچھی شہرت یافتہ، KPPRA، FBR سے رجسٹرڈ فرموں سے سربمہر ٹینڈر بذریعہ ڈاک کوریئر سروس مطلوب ہے جو کہ 03-03-2026 کو 11 بجے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس مردانہ ضلع چارسدہ میں پہنچنے چاہیں جو کہ اسی روز 12:00 بجے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس چارسدہ (مردانہ) کے دفتر میں ڈسٹرکٹ پرچیز کمیٹی کے ارکان اور ڈیلروں یا ان کے نمائندوں کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

تفصیل سامان برائے فراہمی	تخمینہ لاگت	زرضمانت	ٹینڈر کھولنے کی تاریخ
منظور شدہ رقم برائے خریداری ٹیچر ہینڈ بکس، پوسٹرز، بینرز برائے مردانہ سکولز	--/580000 روپے	-/50000 روپے	03-03-2026

شرائط

(1) مجوزہ ٹینڈر فارم مبلغ -/500 روپے ناقابل واپسی فیس پر دفتر ہذا سے ٹینڈر کی اشاعت سے لیکر ٹینڈر کھولنے سے ایک دن قبل تک جاری کئے جائینگے جس کیلئے فرم کو پیڈ پر درخواست دینا ہوگی۔

(2) ٹینڈر فارم کے ساتھ کال ڈیپازٹ بنام زیر دستخطی کو ٹینڈر کے ہمراہ لفافے میں موصول ہونے چاہیے

(3) ٹینڈر دہندگان کو انکم ٹیکس کلیرنس سرٹیفکیٹ برائے سال 2025-26 تصدیق شدہ کاپیاں ٹینڈر کے ہمراہ ارسال کرنا ہوگی۔

(4) ہر فرم ٹینڈر فارم میں درج ہدایات کو غور سے پڑھ کر بھرے اور Bid کے ہر صفحے پر اپنا دستخط نام اور مہر لگائیں۔

(5) جس فرم کا ٹینڈر وصول ہو جائے گا وہ کسی طور پر بھی قابل درستگی یا تبدیل نہیں ہوگا۔

(6) ٹینڈر منظور ہونے کی صورت میں 10% مجموعی مالیت کا بطور ضمانت زیر دستخطی کے نام بشکل کال ڈیپازٹ جمع کرنا ہوگا۔

(7) آئٹمز کے نمونے ٹینڈر کے دن پیش کرنا ہونگے۔ غیر معیاری نمونے اگر کم قیمت کی بھی ہو رد کئے جائینگے۔

(8) Bid ڈاکومنٹس کی چیکنگ پرچیز کمیٹی Bid کھولنے کی وقت ہی کریگی اور کمی یا نامکمل ہونے کی صورت میں موقع پر فیصلہ کیا جائیگا۔

(9) متعلقہ Bid ڈاکومنٹس میں درج شدہ تمام شرائط ٹینڈر پر لاگو ہونگے۔

(10) ٹینڈر فارم پر ہر آئٹم کیلئے علیحدہ واضح طور پر Specification کا اندراج کر دیا گیا ہے لہذا ریٹس Specification کو مدنظر رکھ کر آفر کریں جو بشمول تمام ٹیکسز جو اس آئٹم پر بمطابق رولز لاگو ہیں تصور کیے جائیں گے لہذا ریٹس ٹیکسز شامل کر کے آفر کریں۔

(11) تمام فرمز پابند ہونگے کہ سپلائی آرڈر جاری ہونے کے 15 دن کے اندر سپلائی مکمل کریں۔

(12) ہر فرم جو ٹینڈر آفر کریگی پابند ہوگی کہ 2 لفافہ جات ارسال کرے ایک فرم کی ٹینڈر دینے کی اہلیت سے متعلق ریکارڈ جس کی تفصیل ٹینڈر فارم کے ساتھ جاری کی جائے گی اور دوسرے لفافے میں ٹینڈر جس پر نرخ آفر ہونگے۔

(13) تمام فرمز پابند ہونگے کہ وہ Technical Proposal یعنی فرم کے ٹینڈر دینے کی اہلیت سے متعلق لفافہ کھولنے سے قبل سرٹیفکیٹ مہیا کرے کہ اس نے کال ڈیپازٹ کا ڈرافٹ Financial Proposal والے لفافے میں اصل ڈالا ہوا ہے اور سرٹیفکیٹ کے ساتھ بطور ثبوت اس کال ڈیپازٹ کی فوٹو سٹیٹ نقل مہیا کرے تاکہ ٹینڈر کھولنے سے پہلے تمام متعلقہ بنک برانچ سے تصدیق کروائی جائیگی۔ CDR نقلی ہونے کے صورت میں ٹینڈر میں شامل نہیں کیا جائیگا۔

(14) پہلے فرم کی اہلیت سے متعلق Technical Proposal والے لفافے کھولے جائینگے جو فرمز Qualify کریں گی ان فرمز کا Financial Proposal یعنی ٹینڈر والا لفافہ کھولا جائے گا باقی جو فرمز Qualify نہیں کریگی ان کے Financial Proposal یعنی ٹینڈر والے بند لفافے ان کو واپس کر دیئے جائینگے۔

(15) رقم کے ادائیگی سپلائی مکمل ہونے اور ضلعی پرچیز کمیٹی کے منظوری کی بعد کی جائے گی۔

(16) حکومت کے قانون کے مطابق انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس، اسٹامپ ڈیوٹی فرم ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

(17) ٹینڈر دہندہ گان کو انکم ٹیکس کی ادائیگی کے کاغذات ٹینڈر فارم کے ہمراہ بھیجنا ہونگے ورنہ فارم نامکمل تصور ہوگا۔

(18) مطلوبہ تمام سامان کی تفصیل اور سائز ٹینڈر فارم میں درج ہوگا۔

نوٹ: فرم کی اہلیت جانچنے کیلئے وہ تمام انفارمیشن / معلومات فرم کو Technical Proposal والے فارم میں مہیا کرنا ہونگے۔ جن کا اندراج Procurement Rules 2014 میں درج ہے۔ تفصیل ٹینڈر فارم کے ساتھ مہیا کی جائے گی۔ جن فرمز کے نرخ منظور ہونگے وہ درجہ بالا مدوں میں مزید فنڈز 30 جون 2026 سے قبل مہیا ہونے کی صورت میں منظور شدہ نرخوں پر سپلائی کرنے کے پابند ہونگے، یعنی منظور شدہ نرخ 30-06-2026 تک valid تصور ہونگے۔

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر

(مردانہ) ضلع چارسدہ